نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

لاہور28مارچ2017 (   )وزیر زراعت پنجاب نعیم اختر خان بھابھہ نے کہا ہے کہ فصلوں کو گلابی سنڈی اور سفید مکھی سے بچانے کے لئے ٹھوس اقدامات کئے ہیں،سفید مکھی کپاس کا انتہائی نقصان دہ کیڑا ہے جو سارا سال متحرک رہتا ہے۔سفید مکھی کپاس کے علاوہ میزبان پودوں مکئی، جوار، تماکو،سورج مکھی، لوسرن، برسیم، گوبھی، مولی،شکر قندی، بینگن، بھنڈی توری، خربوزہ، تربوز، مرچ، پالک، چپن کدو، ٹماٹر، پیاز، مٹر، آلو، لیچی، ترشاوہ پھل، انار بیر، امرود،شہتوت، پپیتا،لیپلی،مکو،مینا،کرنڈ،گرڈینیا پر پرورش پاتی ہے۔نعیم اختر خان بھابھہ نے مزید کہا کہ کاشتکار بہاریہ فصلوں پر سفید مکھی کا تدارک یقینی بنانے کے لیے محکمہ زراعت کی سفارشات پر عمل کریں تاکہ کپا کی آئندہ فصل کو سفید مکھی کے حملہ سے محفوظ رکھا جا سکے۔بہاریہ فصلوں اور سبزیات کی باقیات کو برداشت کے بعد فوراً تلف کر دیں، کپاس کی کاشت کے علاقوں میں اور کپاس کے کھیتوں کے قریب بھنڈی توری، بینگن اور جوار کاشت نہ کریں، کھیتوں اور کھالوں کو جڑی بوٹیوں سے پاک رکھیں، وزیر زراعت نعیم اختر بھابھہ نے مزید کہا کہ بہاریہ فصلات پر سفید مکھی کے کیمیائی تدارک کے لئے محکمہ زراعت کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے ایسی زہریں استعمال کریں جو سفید مکھی کے تدارک کیلئے مئوثر اور مفید کیڑوں کے لئے محفوظ ہوں۔

☆☆☆